# زکریاہ

## خداوند اپنے لوگوں کی واپسی چاہتا ہے

**۱** دارا کی حکومت کے دوسرے برس کے آٹھویں مہینے میں خداوند کا کلام
نبی زکریاہ بن برکیاہ بن عدّو پر نازل ہوا۔
**۲** خداوند تمہارے باپ دادا سے سخت ناراض رہا۔ **۳** اس لئے
تمہیں یہ پیغام انلوگوں کو کہنا چاہئے۔ خداوند فرماتا ہے، "تم میری طرف
واپس آؤ اور میں تیری طرف واپس آؤنگا۔" یہ سب خداوند قادر مطلق نے
کہا۔
**۴** خداوند نے کہا، "اپنے باپ دادا کی مانند نہ بنو۔ اگلے نبیوں نے ان
سے باتیں کیں۔ انہوں نے کہا، 'خداوند قادر مطلق چاہتا ہے کہ تم اپنے
بُرے رہن سہن کو چھوڑ دو اور بُرے کام بند کر دو۔' مگر تمہارے باپ دادا
نے میری ایک نہ سنی۔" خداوند نے یہ باتیں کہی۔
**۵** خدا نے کہا، "تمہارے باپ دادا جاچکے، اور وہ نبی ہمیشہ زندہ نہ
رہے۔ **۶** لیکن میرا کلام اور میری آئین اور میری تعلیمات جسکا کہ میں نے
اپنے خدمت گذار نبیوں کےذریعہ حکم دیااور بولاتھا، وہ تمہارے باپ
داداکے لئے سچ ہوگئے۔جب وہ سچ ہوگئے تو تمہارے باپ دادا
پچھتائےاورکہا، 'خداوندنےوہی کیاہےجو وہ کہاہے کہ وہ کریگا۔ وہ ہماری
زندگی کےراستے اورہمارے بُرے اعمال کے لئے سزادیا۔'"

## چار گھوڑے

**۷** دارا کی حکومت کے دوسرے برس اور گیارہویں مہینے یعنی ماہِ سباط
کی چوبیسویں تاریخ کو خداوند کا کلام زکریاہ نبی بن برکیاہ بن عدّو پر نازل
ہوا۔
**۸** رات کو میں نے ایک شخص کو لال گھوڑے پر سوار دیکھا۔ وہ مہندی
کے درختوں کے درمیان وادی میں کھڑا تھا۔ اس کے پیچھے لال، بھورا اور
سفید گھوڑے تھے۔ **۹** تب میں نے کہا، "اے میرے آقا یہ گھوڑے کس
لئے ہیں؟"

تب فرشتے نے بولتے ہوئے مجھ سے کہا، "میں تمہیں دکھاؤں گا کہ یہ
گھوڑے کس لئے ہیں۔"
**۱۰** تب مہندی کے درختوں کے درمیان کھڑا شخص کہنے لگا، "خداوند
نے ان گھوڑوں کو زمین پر ادھر اُدھر گھومنے کے لئے بھیجے ہیں۔"
**۱۱** اور انہوں نے خداوند کے فرشتہ سے جو مہندی کے درختوں کے
درمیان کھڑا تھا کہا، "ہم نے ساری دنیا کی سیر کی ہے اور دیکھا کہ ساری
زمین میں امن وامان ہے۔"
**۱۲** تب خداوند کے فرشتہ نے کہا، "اے خداوند تو یہوداہ اور یروشلم
کے شہروں پر کب رحم کریں گے؟ تو تم ان شہروں پر سنّتر برس تک اپنا
قہر ظاہر کر چکے ہو۔"
**۱۳** تب خداوند نے اس فرشتہ کو جواب دیا جو مجھ سے باتیں کر
رہا تھا خداوند نے امن وامان اور اطمینان بخش پیغام کہے۔ **۱۴** تب فرشتہ
نے مجھے لوگوں سے یہ سب کہنے کو کہا:

"خداوند قادر مطلق فرماتا ہے: "میں یروشلم اور صیون سے خاص شفقت
رکھتا ہوں۔
**۱۵** اور میں ان قوموں سے جو محسوس کرتےہیں کہ وہ بہت حفاظت
میں ہیں نہایت ناراض ہوں۔میں اپنے لوگوں پر تھوڑاہی پرناراض
تھا تومیں نے قوموں کا استعمال انلوگوں کو سزادینےکےلئے کیا، لیکن
انہوں نے حالات کو بہت زیادہ خراب کردیا۔"
**۱۶** اس لئے خداوند فرماتا ہے ، "میں اس پر رحم کرنے
کےلئے یروشلم واپس آؤنگا۔"
خداوند قادر مطلق کہتا ہے ، "یروشلم کی تعمیر دوبارہ ہوگی، اور وہاں
میری ہیکل بنائی جائیگی۔"
**۱۷** فرشتہ نےکہا، "لوگوں سے یہ بھی اعلان کرو: خداوند قادر مطلق
کہتاہے،
'میرے شہرایسے خوشحال ہونگے کہ وہ پھیلیں گے، میں صیّون کو
اطمینان بخشونگا اور یروشلم کو پھرسے اپنا خاص شہر چنونگا۔'"

## چار سینگیں اور چار خادم

**۱۸** تب میں نے نظر اوپر اٹھائی اور چار سینگوں کو دیکھا۔ **۱۹** تب
میں نے اس فرشتہ سے جو مجھ سے باتیں کر رہا تھا پوچھا، "ان سینگوں کا
مطلب کیا ہے؟" اس نے کہا، "یہ وہ سینگیں ہیں جنھوں نے اسرائیل
یہوداہ اور یروشلم کے لوگوں کو غیر ملک جانے پر مجبور کیا۔"
**۲۰** تب خداوند نے مجھے چار کاریگر دکھائے۔ **۲۱** میں نے ان سے
پوچھا، "یہ چار کاریگر کیا کرنے آرہے ہیں؟"

اس نے جواب دیا ، "یہ وہ سینگ ہیں جنھوں نے یہوداہ کو ایسا
پراگندہ کیا کہ کوئی اپنا سر نہ اٹھاسکا۔ لیکن یہ اس لئے آئے ہیں کہ ان
کوڈرائیں اور ان قوموں کے سینگوں کو کاٹ ڈالنے کے لئے جنھوں نے
یہوداہ کے ملک کو پراگندہ کرنے کے لئے سینگ اٹھایا ہے!"

## یروشلم کی پیمائش

۲ تب میں نے اوپر نگاہ اٹھائی اور میں نے ایک شخص کو پیمائش کی
رسّی کو لئے ہوئے دیکھا۔ ۲ میں نے اس سے پوچھا، "تم کہاں
جارہے ہو؟"
اس نے مجھے جواب دیا ، "میں یروشلم کی پیمائش کو جارہا ہوں تا کہ
دیکھوں کہ اس کی چوڑائی اور لمبائی کتنی ہے۔"
۳تب وہ فرشتہ جو مجھ سے باتیں کررہا تھا چلا گیا اور اس سے باتیں
کرنے کے لئے دوسرا فرشتہ باہر گیا۔ ۴اس نے اس سے کہا، "دوڑ کر جاؤ
اور اس نوجوان سے کہو:
'یروشلم میں اتنے سارے انسان اور حیوان ہونگے کہ وہاں چہار دیواری
نہیں ہوگی۔'
۵خداوند فرماتا ہے، 'میں خود سے یروشلم کی حفاظت آگ کی دیوار کی
طرح کرونگا۔ اور اس شہر کو شان وشوکت بخشنے کے لئے وہیں رہونگا۔'"

## خدا اپنے لوگوں کو گھر بلاتا ہے

خداوند فرماتا ہے، ۶ "جلدی کرو شمال کی سرزمین سے بھاگ چلو ہاں! یہ
سچ ہے کہ میں تمہارے لوگوں کو چاروں جانب بکھیرا۔
۷اے صیّون کے لوگو! جو بابل میں رہتے ہو، بھاگ نکلو! اس شہر سے
بھاگ جاؤ!" خداوند قادر مطلق نے یہ کہا، "اس نے مجھے ان قوموں میں بھیجا
جو جنگ کے دوران تمہاری چیزیں لوٹ لئے۔ اسنے مجھے تمہاری تعظیم
کو بچانے کی خاطر بھیجا۔
۸وہ فرماتا ہے جو کوئی تم کو نقصان پہنچانے کی غرض سے چھوتا ہے
تو گویا وہ خدا کی آنکھ کی پتلی کو چھوتا ہے۔
۹ اور میں ان لوگوں کے خلاف اپنا ہاتھ اٹھاؤں گا اور ان کے غلام ان کا
مال لیں گے۔ تب تم سمجھوگے کہ خداوند قادر مطلق نے مجھے بھیجا ہے۔"
۱۰ خداوند فرماتا ہے، "اے صیون شادماں رہو، کیوں؟ کیونکہ میں
آرہا ہوں اور میں تمہارے شہر میں ٹھہرونگا۔
۱۱ اور اس وقت بہت سی قومیں خداوند کو مانیں گے اور یہ
قومیں میرے آدمی ہونگے اور میں تم سبھی لوگوں کے ساتھ ٹھہروں گا۔"
تب تو جانے گی کہ خداوند قادر مطلق نے مجھے تیرے پاس بھیجا ہے۔
۱۲ خداوند پھر سے یروشلم کو اپنا خصوصی شہر منتخب کریگا اور یہوداہ
مقدّس زمین کی اسکا خاص حصّہ ہوگا۔
۱۳ اے فنا ہونے والو! خداوند کی موجودگی میں خاموش رہو کیونکہ وہ
اپنے مقدس گھر سے اٹھا ہے۔

## اعلیٰ کاہن

۳ تب فرشتہ نے مجھے اعلیٰ کاہن یشوع کو دکھایا۔ یشوع خداوند کے
فرشتہ کے سامنے کھڑا تھا اور شیطان یشوع کے داہنی طرف کھڑا
تھا۔ اسے الزام دینے کے لئے شیطان وہاں تھا۔ ۲ تب خداوند کے فرشتہ
نے کہا، "اے شیطان، خداوند تجھے ڈانٹے! ہاں وہ خداوند جس نے یروشلم کو
خاص شہر کے طور پر چنا تجھے ڈانٹے گا۔ اس نے اُس آدمی یشوع کو اس طرح
بچایا جیسے جلتی لکڑی کو آگ سے باہر نکال دیا جائے۔"
۳یشوع فرشتہ کے سامنے کھڑا تھا اور وہ میلے کپڑے پہنے تھے۔
۴پھر فرشتہ نے ان سے جو اس کے سامنے کھڑے تھے کہا، "اس کے میلے
کپڑے اتار دو۔" اور اس سے کہا، "دیکھ میں نے تیرا گناہوں کو دور کیا اور
میں تجھے نفیس لباس پہناؤنگا۔"
۵ پھر اس نے کہا، "اس کے سر پر ایک نئی پگڑی باندھو۔" انہوں
نے اس کے سر پر صاف عمامہ رکھا اور لباس پہنائی اور خداوند کا فرشتہ
وہاں کھڑا ہوا۔ ۶ تب خداوند کے فرشتہ نے یشوع سے یہ کہا۔

۷ خداوند قادر مطلق یوں فرماتا ہے، "اگر تو میری راہوں پر چلے
اور میرے احکام پر عمل کرے تو میری ہیکل کا زیر نگراں ہوگے اور میری
بارگاہوں کا نگہبان بھی ہوگے۔ میں تجھے ان گروہ کا جو یہاں کھڑے ہیں
میری خدمت کے لئے کارکن بننے کی اجازت دوں گا۔
۸اس لئے اے اعلیٰ کاہن یشوع تجھے اور تیرے لوگوں کو میری باتیں
سننی ہونگی۔ تم اور باقی کاہن اسکی مثال ہو جو آرہا ہے۔ میں اپنے نوکر کو
جو کہ شاخ کہلاتا ہے لانے جارہا ہوں۔
۹ یہاں ایک پتھر ہے جسے میں نے یشوع کے سامنے رکھا ہے یہاں
دیکھ اس کے سات کنارے ہیں۔ دیکھ میں اس پر کتبہ کندہ کرونگا خداوند
قادر مطلق اسے کہتا ہے۔ میں اس زمین سے گناہوں کو ایک ہی دن میں دور
کروں گا۔"
۱۰ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، "اس وقت لوگ اپنے دوستوں کو آنے
اور انگور وانجیر کے درخت کے نیچے بیٹھنے کی دعوت دینگے۔"

## شمعدان اور دو زیتون کے درخت

۴ اور تب وہ فرشتہ جو مجھ سے باتیں کر رہا تھا۔ میرے پاس واپس آیا
اور مجھے جگایا۔ جیسا کہ آدمی کو نیند سے جگایا جاتا ہے۔ ۲ تب فرشتہ
نے پوچھا، ”تم کیا دیکھتے ہو؟“ میں نے کہا، ”میں ایک ٹھوس سونے کا
شمعدان دیکھتا ہوں۔ اس شمعدان پر سات چراغ ہیں جس کے سر پر ایک
کٹورا ہے۔ کٹورے میں سے سات نلیاں نکل رہے ہیں اور ہر ایک نلی ہر
چراغ تک جا رہی ہے۔ وہ نلی تیل کو ہر ایک چراغ تک لاتے ہیں۔ ۳ اور
دو زیتوں کا درخت ہے ایک کٹورے کے دائیں جانب اور ایک بائیں
جانب ہے۔“ ۴ اور تب میں نے اس فرشتہ سے جو مجھ سے باتیں کر رہا
تھا، پوچھا، ”اے میرے آقا! ان سب کا مطلب کیا ہے؟“
۵ مجھ سے باتیں کرنے والے فرشتہ نے کہا، ”کیا تم نہیں جانتے کہ یہ
سب چیزیں کیا ہیں؟“
میں نے کہا، ”نہیں میرے آقا۔“
۶ تب اس نے مجھ سے کہا، ”یہ پیغام خداوند کی جانب سے زرُبّابل کو
ہے تمہاری مدد نہ تو کسی فوج سے اور نہ ہی تمہاری مدد کسی طاقت سے آئیگی
بلکہ میری روح سے۔
۷ وہ اونچا پہاڑ زرُبّابل کے لئے چٹیل زمین کی مانند ہوگا۔ جب وہ ہیکل
کے آخری پتھر کو جگہ پر رکھّے گا تو لوگ چلّائیں گے، ”واہ کتنا خوبصورت! واہ
کتنا خوبصورت!“ “
۸ پھر خداوند کا کلام مجھ پر نازل ہوگا۔ ۹ ”زرُبّابل کے ہاتھوں نے
اس ہیکل کی نیو ڈالی اور اسی کے ہاتھ اسے تمام بھی کریں گے۔ تب تو
جانے گا کہ خداوند قادرِ مطلق نے مجھے تمہارے پاس بھیجا
ہے۔ ۱۰ لوگوں کو چھوٹی شروعات کو گھٹا کر نہیں بتانا چاہئے۔ لوگ بہت
خوش ہونگے جب زربابل کے ہاتھوں میں ساہول دیکھتے ہیں۔ پتھر کی سات
کنارے خداوند کی سات آنکھیں ہیں جو ساری زمین کو دیکھتی ہے۔“
۱۱ تب میں (زکریاہ) نے اس سے کہا، ”میں نے زیتون کا ایک پیڑ
شمعدان کے دائیں جانب اور ایک بائیں جانب دیکھا۔ ان دونوں زیتون کا
پیڑ کیا پیش کرتا ہے۔“ ۱۲ میں نے اس سے یہ بھی کہا، ”زیتون کی یہ
دوشاخیں کیا ہیں جو سونے کی دو نلیوں سے تیل ڈالتا ہے اس کا کیا
مطلب؟“
۱۳ تب فرشتہ نے مجھ سے کہا، ”کیا تم نہیں جانتے ہو کہ ان چیزوں
کا مطلب کیا ہے؟
میں نے کہا، ”نہیں اے آقا!“
۱۴ اسنے کہا، ”یہ دو آدمی کو بتاتا ہے جسے خالص مقدّس تیل سے مسح
کیا گیا ہے۔ جو ساری زمین کے خداوند کی خدمت میں کھڑے ہیں۔“

## اڑتا ہوا طومار

۵ میں نے پھر نگاہ بلند کی اور میں نے ایک اڑتا ہوا طومار
دیکھا۔ ۲ فرشتہ نے مجھ سے پوچھا، ”تم کیا دیکھتے ہو؟“
میں نے کہا، ”میں ایک اڑتا ہوا طومار دیکھتا ہوں جس کی لمبائی بیس ہاتھ
اور چوڑائی دس ہاتھ ہے۔“
۳ تب فرشتہ نے مجھ سے کہا، ”اس طومار پر ساری زمین کے لئے ایک
لعنت لکھی ہے۔ اس طومار کی ایک جانب چوروں کے لئے لعنت لکھی ہے،
اور دوسری جانب ان لوگوں کے لئے لعنت لکھی ہے جو جھوٹا وعدہ
کرتے ہیں۔ ۴ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے میں اس طومار کو چوروں اور ان
لوگوں کے گھر بھیجوں گا جو جھوٹا عہد کرتے وقت میرے نام کا استعمال
کرتے ہیں۔ وہ طومار وہیں رہے گا اور یہ انکے گھروں کو فنا کر دے گا۔
یہاں تک کہ پتھر اور لکڑی کے ستون بھی برباد کر دیئے جائینگے۔“

## عورت اور ٹوکری

۵ اور وہ فرشتہ جو مجھ سے کلام کرتا تھا نکلا اور اس نے مجھ سے کہا،
”اوپر دیکھو! اب کیا باہر آرہا ہے؟“
۶ میں نے کہا، ”میں نہیں جانتا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟“
اس نے جواب دیا، ”یہ ایک ٹوکری ہے۔ یہ ٹوکری اس ملک کے کئے
ہوئے لوگوں کے گناہوں کی پیمائش کے لئے ہے۔“
۷ ٹوکری کا سرپوش سیسے کا ہے۔ جب اسے اٹھایا گیا تو اسکے اندر ایک
عورت بیٹھی ہوئی دیکھی گئی۔“ ۸ فرشتہ نے کہا، ”عورت بُرائی کی نشانی
ہے۔ اور اس نے اس کو نیچے دبا کر ڈھکن (سرپوش) کو واپس رکھ
دیا۔ ۹ تب میں نے پھر نظر اٹھائی اور دو عورتوں کو سارس کی مانند پنکھ سے
اڑتے ہوئے دیکھا۔ اور انکا پنکھ ہوا میں اڑ رہی ہے۔ اور وہ عورتیں ٹوکری کو
اُٹھا کر آسمان اور زمین کے درمیان سے لے گئیں۔ ۱۰ تب میں نے کلام
کرنے والے اس فرشتہ سے پوچھا، ”یہ ٹوکری کو کہاں لے جا رہی ہے؟“
۱۱ فرشتہ نے مجھ سے کہا، ”وہ سنعار میں اسکے لئے ایک گھر بنانے
جا رہی ہیں۔ جب وہ گھر بنالیں گی تو ٹوکری کو اس اسٹینڈ پر رکھ دیگا جسے
اس کے لئے بنایا گیا تھا۔“

## چار رتھ

۶ جب میں نے پھر سے آنکھ اٹھا کر نگاہ کیا تو دیکھتا ہوں کہ دو
کانسے کے پہاڑوں کے درمیان سے چار رتھ باہر نکل رہی ہے۔
۲ پہلی رتھ کو سرخ گھوڑے کھینچ رہے تھے۔ دوسری رتھ کو کالے
گھوڑے کھینچ رہے تھے۔ ۳ تیسری کو سفید اور چوتھے کو لال چتّے دار گھوڑا

کھینچ رہا تھا۔ ۴ تب میں نے کلام کرنے والے اس فرشتہ سے پوچھا، "یہ کیا اشارہ کرتا ہے؟"

۵ فرشتہ نے جواب دیا، "یہ آسمان کی چار ہوائیں * ہیں جو ربّ العالمین کے حضور سے نکلی ہیں۔ ۶ کالے گھوڑے شمال کو جائیں گے۔ سرخ گھوڑے مشرق کو جائیں گے۔ سفید گھوڑے مغرب کو جائیں گے اور لال چِتّے دار گھوڑے جنوب کو جائیں گے۔"

۷ جب وہ زور آور گھوڑے نکلے اور وہ چاہا کہ زمین کی سیر کریں اور فرشتہ نے ان سے کہا، "جاؤ زمین کی سیر کرو۔" اور انہوں نے زمین کی سیر کی۔

۸ تب خداوند نے بلند آواز سے پکارا اور مجھ سے کہا، "دیکھو وہ گھوڑے جو شمال کو جا رہے تھے وہ میری روح کو شمالی ملک میں خاموش کر دیا ہے۔ اسلئے میں اب اور ناراض نہیں ہوں۔ *"

## کاہن یشوع ایک تاج کا حقدار بنا

۹ پھر خداوند کا کلام مجھ پر نازل ہوا۔ ۱۰ "حلدائی، طوبیاہ اور یدعیاہ بابل کے جلاوطنوں کے پاس سے آئے ہیں۔ جاؤ اور انلوگوں کے پاس سے سونا اور چاندی حاصل کرو۔ اور تب اُس دن صفنیاہ کا بیٹا یوسیاہ کے گھر جاؤ۔ ۱۱ ان سے سونا چاندی نذرانے کے طور پر لے کر ایک تاج بناؤ۔ اس تاج کو یشوع کے سر پر رکھو۔ (یشوع اعلیٰ کاہن تھا وہ یہو صدق کا بیٹا تھا) تب یشوع سے یہ باتیں کہو:

۱۲ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے: 'یہاں شاخ نامی ایک شخص ہے، وہ بہت طاقتور ہو جائے گا۔

۱۳ وہ خداوند کی ہیکل بنائے گا اور وہ صاحب شوکت ہو گا۔ وہ تخت نشین ہو گا۔ اس کے تخت کے قریب ایک کاہن کھڑا ہو گا اور یہ دونوں شخص ایک ہی سوچ سمجھ کے ہونگے۔

۱۴ "اور یہ تاج حلدائی، طوبیاہ، یدعیاہ اور یوسیاہ بن صفنیاہ کے لئے خداوند کی ہیکل میں یادگار ہو گی۔ ۱۵ دُور کے لوگ آئیں گے اور خداوند کی ہیکل کو بنائیں گے۔ اے لوگو! تب تم سمجھو گے کہ خداوند نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے۔ یہ سب کچھ واقع ہو گا اگر تم خداوند کے حکم کے مطابق کرو گے۔"

---

**ہوائیں** یعنی چار روحیں چار ہواؤں کا اکثر مطلب وہ ہوا جو چاروں طرف سے چلتی ہے۔ شمال، جنوب، مشرق اور مغرب۔

**وہ گھوڑے ... نہیں ہوں** جو گھوڑے شمالی ملکوں کا مشن پورا کر چکے اسکا مطلب شاید کہ بابل کو تباہ کرنا اور اسلئے خداوند کا غصّہ کم ہو گیا۔

## خداوند رحم و کرم چاہتا ہے

۷ دارا بادشاہ کی سلطنت کے چوتھے برس کے نویں مہینے یعنی کسلیو مہینے کی چوتھی تاریخ کو خداوند کا کلام زکریاہ پر نازل ہوا۔ ۲ بیت ایل کے باشندوں نے شراضر، رجم ملک اور اپنے آدمیوں کو خداوند سے رحم و کرم کی درخواست کے لئے بھیجا۔ ۳ وہ خداوند قادر مطلق کی ہیکل میں نبیوں اور کاہنوں کے پاس گئے۔ ان لوگوں نے ان سے سوال پوچھا: "ہم لوگوں نے کئی برس تک ہیکل کی بربادی کا ماتم کیا۔ کیا ہم لوگوں کو گریہ وزاری کرنا اور پانچویں مہینے کا روزہ رکھنا ہو گا؟ کیا ہمیں اسے کرتے رہنا چاہئے؟"

۴ میں نے خداوند قادر مطلق کا یہ کلام پایا ہے: ۵ "کاہنوں اور اس ملک کے مختلف لوگوں سے یہ کہو کہ جب تم نے پانچویں اور ساتویں مہینے میں ان سّتر برس تک روزہ رکھا اور ماتم کیا تو کیا کبھی میرے لئے خاص میرے ہی لئے روزہ رکھا تھا؟ ۶ اور جب تم نے کھایا اور مئے پی تب کیا وہ میرے لئے تھا؟ نہیں! یہ تمہاری اپنی بھلائی کے لئے ہی تھا۔ ۷ خدا نے اگلے نبیوں کا استعمال یہی بات کہنے کے لئے کیا تھا۔ انہوں نے یہ باتیں تب کہی تھی جب یروشلم آباد محفوظ اور امن وامان میں تھا۔ خدا نے یہ باتیں تب کہی تھیں۔ جب یروشلم کے علاقے کے شہر، نیگیو کی زمین اور مغربی پہاڑی دامن آباد تھے۔"

۸ پھر خداوند کا کلام زکریاہ پر نازل ہوا: ۹ خداوند قادر مطلق نے یہ باتیں کہی۔

"راستی سے عدالت کرو۔ تم میں سے ہر ایک کو دوسرے کے ساتھ رحم و کرم کرنا چاہئے۔

۱۰ بیواؤں، یتیموں، اجنبیوں یا غریب لوگوں کو چوٹ نہ پہنچاؤ ایک دوسرے کو بُرا کرنے کا خیال بھی من میں نہ آنے دو!"

۱۱ لیکن ان لوگوں نے اَن سنی کی۔ انہوں نے اسے کرنے سے انکار کیا جسے وہ چاہتے تھے۔ انہوں نے اپنے کان بند کر لئے جس سے وہ خدا جو کہے اسے نہ سن سکیں۔

۱۲ وہ بڑے ضدّی تھے انہوں نے خدا کی شریعت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اپنی روح کی معرفت خداوند قادر مطلق نے نبیوں کے توسط سے لوگوں کو پیغام بھیجا۔ لیکن لوگوں نے اسے نہیں سنا۔ اسلئے خداوند قادر مطلق بہت غضبناک ہوا۔

۱۳ اور جب خداوند قادر مطلق نے فرمایا تھا، "جس طرح میں نے پکار کر کہا اور وہ جواب نہ دیا۔ اس لئے اب اگر مجھے پکاریں گے، تو میں جواب نہیں دوں گا۔

۱۴ میں انہیں دیگر قوموں میں طوفان کی طرح بکھیر دونگا۔ ان
قوموں کے لئے یہ لوگ اجنبی ہونگے۔ جب وہ لوگ جلاوطنی میں چلے جائینگے تو
ملک تباہ و برباد ہو جائے گا۔ یہ خوشگوار ملک بیابان ہو جائے گا۔"

## خداوند یروشلم کو خوش نصیبی بخشنے کا عہد کرتا ہے

۸ پھر خداوند قادر مطلق کا کلام مجھ پر نازل ہوا! ۲ خداوند قادر مطلق
فرماتا ہے ، "مجھے صیون سے بڑی پرجوش محبّت ہے۔ میری
پرجوش محبّت میری عظیم غصّہ سے ظاہر ہوا ہے۔" ۳ خداوند فرماتا ہے،
"میں صیوّن واپس آرہا ہوں میں یروشلم میں ٹھہرونگا۔ یروشلم شہر وفادار
شہر کہلائے گا اور خداوند قادر مطلق کا پہاڑ کوہ مقدس کہلائے گا۔"
۴ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، "یروشلم کی خاص جگہ میں عمر رسیدہ لوگ
بڑھاپے کے سبب سے ہاتھوں میں عصالئے ہوئے ایک بار پھر بیٹھتے دیکھے
جائینگے۔ ۵ اور شہر، گلیوں میں کھیلنے والے بچّوں سے بھرا ہو گا۔ ۶ یہی
خداوند قادر مطلق فرماتا ہے: بچے ہوئے لوگ اسے سچ تسلیم کر نے
میں حیرت انگیز ہونگے۔ لیکن میں اسے ایسا نہیں مانوں گا۔"
۷ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، "دیکھو! میں مشرق اور مغرب کے ملکوں
میں رہنے والے اپنے لوگوں کو بچاؤں گا۔ ۸ میں انہیں یہاں واپس لاؤں گا۔
اور وہ یروشلم میں رہیں گے۔ وہ میرے لوگ ہونگے اور میں وفاداری اور
راستبازی سے ان کا خدا ہونگا۔"
۹ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، "اے لوگو! کام کرنے کے لئے تیار
ہو جاؤ۔ اے لوگو! وہی پیغام سن رہے ہو جسے نبیوں نے دیا تھا۔ ان
پیغامات کو اس وقت سے دیئے جارہے تھے جب خداوند کی ہیکل کی بنیاد
رکھی گئی تھی۔ ۱۰ کیونکہ اُن دنوں سے پہلے آدمیوں کو محنت کا اجر نہیں
دیا جاتا تھا۔ جانوروں کے محنت کا کوئی فائدہ نہ تھا۔ دشمنوں کے سبب
سے سفر محفوظ نہ تھا اور میں نے تمام لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف کر
دیا تھا۔ ۱۱ لیکن اب بچے ہوئے لوگوں کے لئے ایسا نہیں کرونگا۔"
خداوند قادر مطلق نے یہ باتیں کہیں۔
۱۲ "یہ لوگ سلامتی کے ساتھ زراعت کریں گے انکے انگور کے باغ
انگور دیں گے۔ زمین اچھی فصل دے گی اور آسمان بارش دے گا۔ میں یہ
سبھی چیزیں اپنے لوگوں کو دوں گا۔ ۱۳ اے بنی یہوداہ اور اے بنی
اسرائیل تم دوسری قوموں میں لعنتی تھے لیکن میں تم کو آزاد کرونگا۔ تم
فصل کا ذریعہ بنوگے۔ تم کو ڈرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ تم
اپنے ہاتھوں کو کام کرنے کے لئے مضبوط کروگے۔"
۱۴ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے ، "تمہارے باپ دادا نے مجھے
غضبناک کیا تھا اس لئے میں نے انہیں فنا کرنے کا فیصلہ لیا۔ میں اپنے ارادہ
سے باز نہ رہا۔" خداوند قادر مطلق نے یہ سب کہا۔ ۱۵ "لیکن اب میں نے
اپنا فیصلہ بدل دیا ہے اور اسی طرح میں نے یروشلم اور یہوداہ کے لوگوں
کے ساتھ اچھائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس لئے ڈرو نہیں۔ ۱۶ لیکن
تمہیں یہ سب کرنا چاہئے۔ اپنے پڑوسیوں سے سچ بولو اور اپنی عدالت میں
راستی سے انصاف کرو تا کہ ہر جگہ امن وامان قائم ہو۔ ۱۷ اپنے پڑوسیوں
کو چوٹ پہنچانے کے لئے پوشیدہ منصوبے نہ بناؤ۔ جھوٹی قسمیں کھاتے
ہوئے خوشی محسوس مت کرو۔ کیونکہ میں ان باتوں سے نفرت کرتا ہوں۔"
خداوند یہ فرماتا ہے۔
۱۸ پھر خداوند قادر مطلق کا کلام مجھ پر نازل ہوا۔ ۱۹ خداوند
قادر مطلق فر ماتا ہے، "چوتھے اور پانچویں اور ساتویں اور دسویں
مہینے کا مقرّرہ روزہ تقریب کا دن ہو جائیگا جو کہ شادمانی اور خوشی لائیگا۔ اس
لئے سچّائی اور امن وامان کو عزیز رکھو!"

۲۰ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، "پھر قومیں اور بڑے بڑے شہروں
کے باشندے آئیں گے۔
۲۱ ایک شہر کے لوگ دوسرے شہر کے ملنے والے لوگوں سے
کہیں گے، 'ہم خداوند قادر مطلق کی عبادت کرنے جا رہے ہیں۔ ہمارے
ساتھ آؤ۔'"
۲۲ بہت سے لوگ اور زبردست قومیں خداوند قادر مطلق کی کھوج میں
یروشلم آئیں گی۔ وہ وہاں ان کی عبادت کرنے آئیں گی۔ ۲۳ خداوند
قادر مطلق فرماتا ہے، "ان ایّام میں ساری دنیا کے سارے لوگ یہودی کا
دامن پکڑیں گے * اور کہیں گے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ عبادت کرنے
کے لئے جاسکتے ہیں۔ کیونکہ ہم نے سنا ہے کہ وہاں خدا تمہارے ساتھ
ہے۔"

## دیگر قوموں کے خلاف فیصلہ

۹ یہ نبوّت ہے خداوند کی طرف سے حدراک اور دمشق کے بارے میں۔
ہر ایک مدد کے لئے خداوند کی طرف اس طرح دیکھتے ہیں جس طرح
اسرائیل کے اور خاندانی گروہ۔ ۲ حمات، جسکی سرحد حداراک اس نبوّت
میں شامل ہے۔ یہ نبوّت صور اور صیدا کے بھی خلاف ہے۔ حالانکہ وہ لوگ
بہت ہی عقلمند ہیں۔ ۳ صور ایک قلعہ کی طرح بنا ہے وہاں کے لوگوں نے
چاندی اتنی اکٹھا کی ہے کہ وہ مٹّی کی مانند ہے اور سونا گلیوں کے کیچڑ کی

---

**ان ایّام ...پکڑینگے** ادبی طور پر: دس آدمی دنیا کے اطراف کے ساری
قوموں سے یہودی کے جبّہ کا دامن پکڑینگے۔

مانند ہے۔ ۴ لیکن خداوند ہمارا آقا یہ سب انلوگوں سے لے لیگا-وہ ان
لوگوں کی دولت کو سمندر میں پھینک دیگا-اور آگ شہر کو کھاجائے گا-
۵ "اسقلون میں رہنے والے دیکھیں گے اور وہ ڈریں گے- غزّہ کے
لوگ خوف سے کانپ اٹھیں گے اور عقرون کے لوگ ساری امیدیں چھوڑیں
گے، جب وہ ان واقعات کو ہوتے دیکھیں گے- غزّہ میں کوئی بادشاہ بچا
نہیں رہیگا- کوئی بھی شخص اب اسقلون میں نہیں رہے گا- ۶ مخلوط نسل
کے لوگ آئینگے اور اشدود میں بسینگے- اورمیں فلسطینیوں کا فخر
مٹادوں گا-۷ اور میں اس کے مکروہ غذا(مما نعتی غذا) کے خون کو اس کے
منہ سے اور اس کے ناپاک غذا اس کے دانتوں سے نکال ڈالوں گا اور وہ لوگ
یہوداہ کے دوسرے خاندانی گروہ کی مانند ہونگے-اور ہمارے خدا کی خدمت
کے لئے چھوڑ دیئے جائینگے- اور عقرونی یبوسیوں کی مانند ہونگے- ۸ میں
اپنی ہیکل کو حملہ سے بچانے کے لئے ایک پہرہ دار رکھونگا- میں ظالموں کو
اندر آنے کی اجازت نہیں دوں گا- کیونکہ اب میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا
ہوں-"

### مستقبل کا بادشاہ

۹ اے بنتِ صیّون توشاداں ہو- اے دخترِ یروشلم اپنی
بلند آواز سے خوشی کے ساتھ چلاّؤ- کیونکہ دیکھ تیرا بادشاہ تیرے پاس آتا
ہے-وہ صادق ہے، اور نجات اس کے ہاتھوں میں ہے، وہ خاکسار ہے اور
گدھے پر، بلکہ جوان گدھے پر سوار ہے جو کہ کام کرنے والے جانور سے
پیدا ہوئے-
۱۰ "میں افرائیم میں رتھوں کو اور یروشلم میں سواریوں کو تباہ
کردونگا- میں جنگ میں استعمال کئے گئے کمانوں کو تباہ کر دونگا-" بادشاہ
قوموں میں سلامتی لائے گا- وہ سمندر سے سمندر تک حکومت کرے گا- اسکی
سلطنت دریائے فرات سے انتہائے زمین تک پھیلے گی-

### خداوند اپنے لوگوں کی حفاظت کرے گا

۱۱ اے یروشلم کیونکہ وہاں تیرے معاہدے خون سے مہر
بند ہے- میں تمہارے قیدیوں کو بنا پانی کے کنویں سے آزاد کرونگا-
۱۲ اے اسیرو !اپنے گھر جاؤ- اب تمہارے لئے کچھ امید کا موقع
ہے- اب میں تم سے کہہ رہا ہوں میں تمہیں پہلے تمہارے پاس جتنا تھا اس
سے دوگنا واپس دونگا-
۱۳ میں یہوداہ اور افرائیم کو تیر کمان کی طرح استعمال کرونگا- اے
اسرائیل !میں تیرے فرزندوں کو یونان کے فرزندوں کے خلاف کھڑا
کرونگا- اور میں تجھے جنگجو کی تلوار کی طرح استعمال کرونگا-
۱۴ خداوند اس کے سامنے ظاہر ہوگا اور اپنے تیز بجلی کی طرح جلائے
گا- خداوند، میرا آقا بگل بجائے گا اور فوج بیابان کے طوفان کی مانند آگے
بڑھے گی-
۱۵ خداوند قادر مطلق ان کی حفاظت کرے گا- اور سپاہی پتھّروں اور
غلیل سے دشمنوں کو ہرائینگے- وہ دشمنوں کے خون بہائینگے اور یہ مئے کی
مانند بہیگا- یہ قربان گاہ کے کونوں پر چھر کے گئے خون کی مانند ہوگا-
۱۶ اس وقت خداوند ان کے خدا اپنے لوگوں کو ویسے بچائے گا جیسے
چرواہ بھیڑوں کو بچاتا ہے- وہ ان کے لئے بہت انمول ہونگے- وہ ان کے
ہاتھوں جگمگاتے جواہر سے ہونگے-
۱۷ ہر ایک شئے اچھّی اور خوبصورت ہوگی-اناج اور مئے کی حیرت
انگیز فصل ہوگی یہ فصل نوجوان آدمیوں اور عورت کو زور آور بنائے گا-

### خداوند کے وعدے

۱۰ موسم بہار میں بارش کے لئے خداوند سے دعاء کرو- خداوند
جو بجلی چمکاتا ہے بارش بھی بھیجے گا اور ہر شخص کے کھیت
میں پودے اُگائے گا-
۲ وہ جواہل خانہ کے دیوتاؤں کی طرف مُڑجاتا ہے بیکار کا مشورہ حاصل
کرتا ہے- غیب دان جھوٹی پیشن گوئی کرتا ہے- جھوٹے نبی جھوٹا رویا
دیکھتا ہے- وہ بالکل ہی تسلّی نہیں لاتا ہے- اسلئے لوگ بھیڑ کی مانند بھٹک
جاتے ہیں- وہ ایسا جھیلتے ہیں جیسے انکا چرواہ نہیں ہے-
۳ خداوند کہتا ہے، "میرا غضب چرواہوں پر ہے میں پیشواؤں کو سزا
دونگا کیونکہ خداوند قادر مطلق اپنے بھیڑوں کے جھنڈ کا خیال رکھتا ہے جو کہ
یہوداہ کے لوگ ہیں-" وہ انلوگوں سے ویسا ہی سلوک کرتے ہیں جتنا کہ ایک
جنگجو اپنے لڑائی کے گھوڑے کا خیال رکھتے ہیں-
۴ "کونے کا پتھر، ڈیرے کی کھونٹی، جنگی کمان اور آگے بڑھتے سپاہی
سبھی یہوداہ سے ایک ساتھ آئیں گے- ۵ وہ اپنے دشمنوں کو شکست دیں
گے، یہ کیچڑ میں سڑکوں پر آگے بڑھتے سپاہی جیسے ہوں گے- وہ لڑیں
گے اور خداوند ان کے ساتھ ہوگا- اس لئے وہ دشمن کے سواریوں کو بھی
ہرائیں گے- ۶ میں یہوداہ کے خاندان کو بہت زور آور بناؤں گا- میں
یوسف کے خاندان کو جنگ میں کامراں کروں گا- میں ان کو پھر سے گھر
دونگا کیونکہ میں ان پر رحم رکھتا ہوں- وہ ایسے ہونگے گویا میں نے انکو کبھی
ترک نہیں کیا تھا- میں خداوند ان کا خدا ہوں، میں انکی دعاؤں کا جواب
دونگا-۷ بنی افرائیم جنگجو کی مانند ہونگے اور ایسے شاداں ہونگے جیسے وہ
لوگ جنہیں پینے کے لئے بہت زیادہ مل گیا ہو- انکے بچے بھی بہت خوش
ہونگے- وہ لوگ بہت خوش ہونگے جب وہ خداوند کی عبادت کرینگے-

۸ ”میں سیٹی بجا کر سبھی کو ایک ساتھ بلاؤں گا۔ میں انلوگوں کو آزاد
کردیاہوں اور وہ تعداد میں بہت ہوجائیں گے جیسے وہ پہلے تھے۔ ۹ ہاں! میں
سبھی قوموں میں اپنے لوگوں کو بکھیر رہا ہوں۔ لیکن ان ملکوں میں وہ مجھے
یاد کریں گے۔ وہ اور ان کی اولاد زندہ رہے گی اور وہ واپس آئیں گے۔
۱۰ میں انہیں مصر اوراسور سے واپس لاؤں گا۔وہ جلعاد اور لبنان تک
پہنچتے رہینگےاس وقت تک جب وہاں اور جگہ کی گنجائش نہیں ہوگی۔“
۱۱ اور وہ مصیبت کے سمندر سے گذر جائے گا اور اس کی لہروں کو قابو
میں لائیگا۔ اور دریائے نیل تہہ تک سوکھ جائے گا خداوند اسور کے
تکّبر اور مصر کی حکومت کا خاتمہ کردیگا۔ ۱۲ خداوند اپنے لوگوں کو طاقتور
بنائے گا اور وہ اس کا نام لے کر ادھر اُدھر چلیں گے۔ یہ سب خداوند فرماتا
ہے۔

## خدا دیگر قوموں کو سزا دیگا

۱۱ اے لبنان! اپنے دروازوں کو کھول دے تا کہ آگ اندر آئے
اور وہ تیرے دیوداروں کے درختوں کو کھاجائے۔
۲ اے سرو کے درخت نوحہ کر کیونکہ دیودار کا درخت گر گیا اور اس کی
شان غارت ہوگئی۔اے بسان کے بلوط کے درختو! نوحہ کرو کیونکہ دشوار
گذار جنگل کاٹ ڈالا گیا۔
۳ چرواہوں کے نوحہ کی آواز آتی ہے کیونکہ ان کی حشمت تباہ ہوگئی۔
جوان شیروں کی گرج سنائی دیتی ہے کیونکہ یردن ندی کے کنارے کی گھنی
جھاڑیاں تباہ کردی گئی۔

۴ خداوند میرے خدا یوں فرماتا ہے، ”ان بھیڑوں کی حفاظت کرو جن
کو ذبح کرنے کے لئے پرورش کی جارہی ہے۔ ۵ جن کے مالک ان کو ذبح
کرتے ہیں اوراپنے آپ کو بے قصور سمجھتے ہیں اور جن کے بیچنے والے
کہتے ہیں خداوند کا شکر ہو کہ ہم مالدار ہوئے اور ان کے چرواہے ان پر رحم
نہیں کرتے۔ ۶ اور میں اس ملک میں رہنے والوں کے لئے اور رحم
نہیں کرونگا۔“ خداوند فرماتا ہے، ”دیکھو! میں ہر ایک کو اس کے دوست
اور اسکے بادشاہ کی قوّت کا رعایہ بناؤں گا۔میں انہیں ان کا ملک تباہ کرنے
دونگا۔میں انہیں کسی بھی حالت میں نہیں روکونگا!“
۷ میں ان بھیڑوں کو چَرایا جسے ذبح کرنے کے لئے پالا گیا تھا۔اور میں نے
دو لاٹھیاں لیں ایک کا نام فضل اور دوسری کا اتحاد رکھا۔اور میں بھیڑوں
کے جھنڈ کو ان لاٹھیوں سے چرایا۔ ۸ میں نے ایک مہینے میں تین چرواہوں
کو ہلاک کیا میں بھیڑوں پر غضبناک ہوا اور وہ مجھ سے نفرت کرنے لگیں۔
۹ تب میں نے کہا، ”میں تمہیں چھوڑتا ہوں، میں تمہاری دیکھ بھال نہیں
کروں گا۔ جو مر رہے ہیں وہ مریگا۔ جوفنا ہو رہے ہیں وہ فنا ہونگے۔ اور جو
بچیں گے وہ ایک دوسرے کو تباہ کریں گے۔“ ۱۰ تب میں نے فضل
نامی لاٹھی کو لیا اور اسے توڑ ڈالا۔ میں نے اسے یہ دکھانے کے لئے کیا کہ
قوموں کے ساتھ خدا کا معاہدہ ٹوٹ گیا تھا۔ ۱۱ اسلئے اسی دن عہد نامہ
ٹوٹ گیا۔ وہ بیچارے بھیڑ جو مجھے دیکھ رہے تھے یہ جان گئے کہ یہ خداوند کا
کلام ہے۔
۱۲ تب میں نے کہا، ”اگر تم مجھے مزدوری دینا چاہتے ہو تو دو۔ اور اگر
نہیں، تو مت دو۔“ اس لئے انہوں نے چاندی کے تیس سکّے دیئے۔
۱۳ تب خداوند نے مجھے کہا، ”تو وہ سوچتے ہیں کہ میں اتنا ہی مول کا ہوں۔
اُس بڑی رقم کو ہیکل کے خزانے میں پھینک دو۔“ اسلئے میں نے چاندی
کا تیس ٹکڑا لیا اوراسے خداوند کی ہیکل کے خزانے میں پھینک دیا۔
۱۴ تب میں نے دوسری لاٹھی یعنی اتحاد نامی لاٹھی کو کاٹ ڈالا یہ میں
نے یہ بات ظاہر کرنے کے لئے کیا کہ اسرائیل اور یہوداہ کے بیچ اتّحاد
ٹوٹ گیا۔
۱۵ تب خداوند نے مجھ سے کہا، ”اب ایک ایسی لاٹھی کی کھوج کرو،
جو کسی بیوقوف چرواہے کا ہو۔ ۱۶ کیونکہ میں انلوگوں کے لئے ایک
ایسا چرواہا دونگا جو اس جھنڈ کی دیکھ بھال نہیں کریگا جو کہ بھٹک گئے ہیں
اور جو بھیڑ زخمی ہوگئے ہیں۔ وہ اسے تندرست بھی نہ کرسکے گا اور نہ ہی فربہ
کو چَرائے گا۔ لیکن فربہ کا گوشت کھائے گا اور انکے کھروں کو بھی توڑ
ڈالے گا۔“

۱۷ اے میرے نالائق چرواہا! تم نے میری بھیڑوں کو چھوڑ دیا
انہیں سزا دو۔ تلوار سے اس کے داہنا بازو اور داہنی آنکھ پر حملہ کرو۔ اس کا
بازو بالکل سوکھ جائے گا اور اس کی داہنی آنکھ پھوٹ جائے گی۔

## یہوداہ کی چاروں قوموں کی رویا

۱۲ اسرائیل کی بابت خداوند کا پیغام: خداوند جو آسمان کو
پھیلاتا اور زمین کی بنیاد ڈالتا اور انسان کے اندر اس کی
روح پیدا کرتا ہے یوں فرماتا ہے: ۲ ”دیکھو! میں یروشلم کو اس کے ارد گرد
کے لوگوں کے لئے زہر کا پیالہ بنادونگا۔قومیں آئیں گے اور اس شہر پر حملہ
کریں گے۔ اور سارا یہوداہ حملہ میں جا پھنسے گا۔ ۳ لیکن میں یروشلم کو
بھاری چٹان بناؤں گا اور جو کوئی اسے اٹھانے کی کوشش کرے گا خود گھائل
ہو جائے گا۔ اور دنیا کی سب قومیں اس کے مقابل جمع ہونگی۔ ۴ اس دن
میں تمام قوموں کے گھوڑوں کو خوفزدہ اور اندھا کردوں گا۔ اور گھوڑ سوار
کو ڈر سے پاگل کردونگا۔ لیکن میری آنکھیں کھلی رہیں گی اور میں یہوداہ کے

گھرانے کی حفاظت کرتا رہوں گا۔ ۵ یہوداہ کے خاندانی گروہ کے قائدین
اپنے آپ کہیں گے ، 'یروشلم کے لوگ زور آور اور حوصلہ مند ہیں کیونکہ وہ
لوگ خداوند قادر مطلق اپنے خدا پر یقین کرتے ہیں۔' ۶ اس دن میں یہوداہ
کے گھرانے کے قائدین کو لکڑیوں کے ڈھیر کے بیچ جلتی ہوئی انگیٹھی،
پیالوں کے ڈھیر کے بیچ جلتی ہوئی مشعل کے لَو کی طرح کر دونگا جو کہ دائیں
بائیں کے سبھی قوموں کو کھا جائیں گے۔ تب یروشلم کے لوگ پھر سے اپنے
گھروں میں آباد ہونگے۔"

۷ خداوند یہوداہ کے لوگوں کو پہلے بچائے گا جو کہ یروشلم کے باہر رہتے
ہیں۔ اس لئے یروشلم کے باشندے فخر نہ کر سکیں گے۔ داؤد کے گھرانے
اور یروشلم میں رہنے والے دیگر لوگ یہ فخر نہیں کر سکیں گے۔ کہ وہ یہوداہ
میں رہنے والے دیگر لوگوں سے بہتر ہیں۔ ۸ اس روز خداوند یروشلم کے
باشندوں کی حفاظت کرے گا اور ان میں سے سب سے کمزور داؤد کی مانند
ہوگا۔ اس دن داؤد کا گھرانہ دیوتاؤں کی مانند یا خداوند کے فرشتہ کی
مانند جو لوگوں کے آگے آگے چلتا ہے ہوگا۔

۹ خداوند فرماتا ہے، "اس روز میں ان قوموں کو ہلاک کرنے کا ارادہ
کرونگا جو یروشلم کے خلاف جنگ کرنے آئیں گے۔ ۱۰ میں داؤد کے گھر
اور یروشلم کے باشندوں کے دل میں رحم اور مناجات کی روح نازل
کروں گا۔ وہ میری جانب دیکھیں گے، جسے انہوں نے چھیدا تھا اور وہ بہت
دکھی ہونگے۔ وہ اس طرح ماتم کریں گے جیسا کوئی اپنے اکلوتے بیٹے کے
لئے کرتا ہے۔ اور اتنا ہی غمزدہ ہونگے جیسے کوئی اپنے پہلوٹھے بیٹے کی موت
پر روتا ہے۔ ۱۱ اس روز یروشلم میں بڑا ماتم ہوگا۔ یہ اس وقت کی طرح
ہوگا جو ہدد رِمّون کا ماتم مجدّون کی وادی میں ہوا۔ ۱۲ اور تمام ملک ماتم
کرے گا۔ داؤد کے گھرانے کے لوگ اپنے آپ میں روئیں گے اور ان کی
بیویاں بھی الگ سے روئیں گی۔ ناتن کے گھرانے کے لوگ اپنے آپ میں
روئیں گے، اور ان کی بیویاں اپنے آپ میں روئیں گی۔ ۱۳ لاوی کے
گھرانے کے مرد اپنے آپ میں روئیں گے اور ان کی بیویاں اپنے آپ
میں روئیں گی سمعی کے گھرانے کے مرد اپنے آپ میں روئیں گے اور انکی
بیویاں اپنے آپ میں روئیں گی۔ ۱۴ اور یہی بات سبھی گھرانوں میں
ہوگی۔ مرد اپنے آپ میں روئیں گے اور عورتیں اپنے آپ میں روئیں گی۔"

۱۳ اس روز داؤد کے گھرانے اور یروشلم کے باشندوں کے
گناہوں اور ناپاکیوں کو دھونے کے لئے ایک جھرنا
بہنے لگے گا۔

## مزید جھوٹے نبی نہ ہونگے

۲ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، "اس روز میں زمین کے سبھی بتوں کو
ہٹادوں گا۔ لوگ ان کا نام بھی یاد نہیں رکھیں گے اور میں جھوٹے نبیوں اور
ناپاک روحوں کو بھی زمین سے ہٹا دوں گا۔ ۳ اگر کوئی شخص نبوّت
کرتا رہتا ہے تو اسے سزا ملے گی۔ یہاں تک کہ اس کے ماں باپ جن سے
وہ پیدا ہوا اس سے کہیں گے کہ تو زندہ نہ رہے گا، کیونکہ تو خداوند کا نام
لے کر جھوٹ بولتا ہے۔ اس لئے تمہیں مر جانا چاہئے۔ اس کی اپنی ماں اور
اس کا اپنا باپ نبوّت کرنے کے سبب اسے چھُرا گھونپ دیں گے۔ ۴ اور
اس روز نبیوں میں سے ہر ایک نبوّت کرتے وقت اپنی رویا سے شرمندہ
ہوگا۔ اور کوئی بھی دھوکہ دینے کی کوشش میں کھُردرا کپڑا نہیں پہنے گا۔ *
۵ وہ کہیں گے، 'میں نبی نہیں ہوں میں ایک کسان ہوں۔ میں نے بچپن
سے کسان کے روپ میں کام کیا ہے۔' ۶ دوسرے لوگ کہیں گے، 'مگر
تمہارے ہاتھوں پر یہ زخم کیسے ہیں؟' وہ کہیں گے، 'یہ چوٹ مجھے میرے
دوست کے گھر میں لگی۔'"

۷ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے، "اے تلوار! چرواہے پر وار کر۔ اس آدمی
پر وار کر جو کہ میرا نزدیکی دوست تھا۔ چرواہے کو مار جھنڈ کو تتر بتر ہو
جانے دے۔ اور میں ان جھوٹوں کے خلاف کاروائی کروں گا۔ ۸ ملک کے
دو تہائی لوگ چوٹ کھائیں گے اور مریں گے لیکن ایک تہائی بچے رہیں گے۔
۹ اور میں اس ایک تہائی کو آگ میں ڈالکر چاندی کی طرح صاف کروں گا۔
اور اسے سونے کی طرح صاف کرونگا۔ وہ مجھ سے دعاء کریں گے اور میں ان
کی سنوں گا۔ میں کہوں گا، 'یہ میرے لوگ ہیں اور وہ کہیں گے خداوند ہی
ہمارا خُدا ہے۔'"

## فیصلے کا دن

۱۴ دیکھو! خداوند نے ایک دن متعین کیا جب وہ مال جو
تونے لیا ہے وہ تیرے شہر میں بانٹا جائے گا۔ ۲ میں
سبھی قوموں کو یروشلم کے خلاف لڑنے کے لئے ایک ساتھ لاؤں گا۔ وہ لوگ
صرف شہر پر ہی قبضہ نہیں کرینگے بلکہ گھروں کو بھی تباہ کریں گے۔
عورتوں کی عصمت دری کی جائے گی اور آدھا شہریوں کو قید میں لے
جایا جائیگا۔ لیکن باقی لوگ شہر سے نہیں لے جائے جائیں گے۔ ۳ تب
خداوند ان قوموں کے خلاف جنگ کرے گا۔ یہ ایک حقیقی جنگ ہو گی۔
۴ اور اس روز وہ کوہِ زیتون پر جو یروشلم کے مشرق میں واقع ہے کھڑا ہوگا
اور کوہِ زیتون بیچ سے پھٹ جائے گا اور اس کے مشرق سے مغرب تک

**کوئی بھی... پہنے گا** نبی خاص کپڑے پہنتے تھے۔ یہ آیت کہتا ہے کہ کوئی بھی شخص لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے ایسا کپڑا نہیں پہنتے تھے اس پر یقین کرتے ہوئے کہ وہ نبی ہیں۔

ایک بڑی وادی ہو جائے گی کیونکہ آدھا پہاڑ شمال کو سرک جائے گا اور آدھا
جنوب کو۔
۵ تم وادی سے ہو کر میرے پہاڑیوں کے بیچ سے جو کہ آصَل نامی جگہ
تک پھیلا ہوا ہے بھاگو گے۔ تم اس طرح بھاگو گے جیسے کہ زلزلہ آیا ہو۔ جس
طرح شاہِ یہوداہ عزّیاہ کے زمانے میں زلزلے سے لوگ بھاگے تھے۔ کیونکہ
خداوند میرا خدا آئے گا اور سب مُقدّس اس کے ساتھ ہونگے۔
۶ -۷ وہ دن ایک بہت ہی اہم دن ہو گا۔ اس دن نہ روشنی ہو گی نہ
ٹھنڈا اور نہ ہی شبنم ہو گی۔ صرف خداوند ہی جانتا ہے کہ یہ دن کب
ہو گا۔ دن رات میں کوئی فرق نہیں ہو گا۔ شام کے وقت بجائے اندھیرا
کے اُجالا ہو گا۔ ۸ اس روز یروشلم سے لگاتار پانی بہے گا۔ جس کا آدھا مشرقی
سمندر کی طرف بہے گا اور آدھا مغربی سمندر کی طرف بہے گا۔ پانی گرمی اور
سردی میں بہیگا۔ ۹ اور خداوند ساری دنیا کا بادشاہ ہو گا۔ اس روز خداوند ہی
صرف خدا ہو گا۔ اور صرف اس کا ہی نام خدا کا نام ہو گا۔
۱۰ اور سارے ملک جنوبی یروشلم میں جبع سے رِمّون تک میدان ہو گا۔
لیکن یروشلم کافی اونچائی پر ہو گا۔ اور یہ بنیمین کے پھاٹک سے
پُرانے پھاٹک تک اور پھر کونے کے پھاٹک تک اور حننِ ایل کے بُرج
سے بادشاہ کے حوض جہاں شراب بنتی ہے تک آباد ہو گا۔ ۱۱ لوگ اس
میں سکونت کریں گے اور پھر لعنت مطلق نہ ہو گی بلکہ یروشلم امن و امان
سے آباد رہے گا۔
۱۲ لیکن خداوند ان قوموں کو سزا دے گا جو یروشلم کے خلاف
لڑے۔ وہ اُنہیں بھیانک بیماری دے گا۔ انکا گوشت سڑ جائیگا جب کہ وہ
زندہ ہی ہونگے، ان کی آنکھیں چشم خانوں میں سڑ جائیگی اور ان کی زبان
بھی ان کے منہ میں سڑ جائے گی۔ ۱۳ - ۱۵ وہ بھیانک بیماری دشمن
کے خیمے میں پھیل جائیگی۔ اور ان کے گھوڑوں، خچروں اور گدھوں کو وہ
بھیانک بیماری لگ جائے گی۔
اس وقت دشمن یقیناً خداوند سے خوف کھائیں گے۔ وہ ایک
دوسرے کا ہاتھ پکڑینگے۔ وہ ایک دوسرے پر حملہ کرنے کے لئے ہاتھ
اٹھائیں گے۔ یہوداہ کے لوگ یروشلم کے خلاف جنگ کریں گے۔ لیکن
چاروں طرف کی قوموں سے دولت جمع کی جائیگی: جیسے کہ سونا، چاندی، اور
فینسی کپڑے۔ ۱۶ دشمنوں کی فوجوں میں سے کچھ لوگ بچ جائیں گے۔
اور وہ لوگ ہر سال خداوند قادرِ مطلق کی عبادت کرنے اور پناہ کی تقریب
منانے کے لئے یروشلم آئینگے۔ ۱۷ اگر روئے زمین کا کوئی بھی قوم ،
بادشاہ جو کہ خداوند قادر مطلق ہے کی عبادت کرنے کے لئے یروشلم نہیں
جائیگا تو انہیں بارش کا پانی بھی نہیں ملیگا۔ ۱۸ اگر کوئی بھی مصری
خاندان جن پر بارش نہیں ہوتی پناہ کی تقریب منانے کے لئے نہ آئیں تو
ان پر بھیانک بیماری آئے گی جس کو خداوند نے دیگر دشمن قوموں پر
نازل کی تھی۔ ۱۹ وہ مصر کے لئے کسی بھی قوم کے لئےاور سزا ہو گی
جب سب قومیں پناہ کی تقریب کو منانے نہیں جائیں گے۔
۲۰ اس دن ہر ایک چیز خداوند کی ہو گی۔ یہاں تک کہ گھوڑوں کے
سازوں پر بھی یہ لکھا ہو گا۔ "خداوند کے لئے مقدّس" اور سارا برتن جسکا
استعمال خدا کی ہیکل میں کیا جاتا ہے وہ بھی اتنا ہی اہم ہو گا جتنا کہ قربان گاہ
پر استعمال ہونے والا کٹورا۔ ۲۱ بلکہ یروشلم اور یہوداہ کی پکانے کی سب
برتن 'خداوند قادرِ مطلق کے لئے مقدّس' کے طور پر الگ اور مخصوص
کرلیا جائیگا۔ اور وہ سبھی جو قربانی پیش کرینگے انکا استعمال پکانے کے لئے
کرینگے۔
اور اس روز خداوند قادرِ مطلق کی ہیکل میں کوئی بھی کنعانی * نہ ہو گا۔

---

**کنعانی** ایک تاجر ہے ہیکل میں برتنوں کا اب اور تجارت نہیں ہو گا۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html